© rasailojaraid.com

اس کتاب کی دو جلدیں پہلے شایع ہو کر عوام و خواص میں مقبول ہو چکی اور برہان میں ان کا تذکرہ آچکا ہے، یہ اسی سلسلہ کی تیسری جلد ہے جو حج، جہاد اور فضائل قرآن کے ابواب پر مشتمل ہے اور یہ ابواب مجموعی طور پر دو سو ستر احادیث پر مشتمل ہیں۔ لائق مترجم نے کتاب کی تلخیص کے ساتھ ان احادیث کا شستہ و شگفتہ اردو میں ترجمہ اور پھر اس کی تشریح کا مستقل کام تو کیا ہی ہے بڑی بات جو اہل علم کے لیے قابل قدر اور لائق تحسین ہے یہ ہے کہ مختلف نسخوں کو سامنے رکھ کر اور کتب حدیث کی مدد سے متن کی تصحیح کی ہے، مصنف یعنی علامہ منذری نے جو حوالے دیے ہیں ان کی مراجعت اصل سے کی ہے، اور اگر حوالہ میں مصنف سے کہیں سہو یا ذہول ہو گیا یا اصل میں ہی کوئی غلطی یا اختلاف ہے تو ترجمہ حوالوں کے اس کی نشاندہی کی گئی ہے، اور عجیب بات ہے کہ اس جلد میں اس کے مواقع نسبتہً زیادہ آئے ہیں۔ چنانچہ ہم نے شمار کیا تو معلوم ہوا کہ کتاب میں ۴۲ مقامات ایسے ہیں جہاں لائق مترجم نے مصنف یا کسی اور امام کے سہو کی نشاندہی اور اس کی تصحیح کی ہے۔ علاوہ ازیں مصنف کے حوالوں پر مترجم نے جگہ جگہ کچھ اور حوالوں کا اضافہ بھی کیا ہے، پھر ہر باب کے آغاز میں موضوع باب سے متعلق ایک مقدمہ بھی ہے جس میں موضوع کی حقیقت اور اس کی اہمیت و فضیلت پر گفتگو ہے غرض کہ اب یہ کتاب فقط ترجمہ نہیں، بلکہ حدیث اور اس کے متعلقات کے بارے میں نہایت مفید تحقیقی معلومات کا ایک اہم مجموعہ بھی ہے، اور اس لیے اس کا مطالعہ عوام اور خواص دونوں کے لیے ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

تجدید دین | از مولانا وحید الدین خاں تقطیع متوسط ضخامت ۴۶ صفحات. کتابت و طباعت بہتر، قیمت دو روپیے پتہ: مکتبہ الرسالہ، جمعیۃ بلڈنگ، قاسم جان اسٹریٹ، دہلی ۶

اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ آج اسلام کے صاف و شفاف چہرہ پر غلط خیالات و مزعومات اور ان کے تحت غلط اعمال و افعال کے گرد و غبار کی ایسی تہیں جم گئیں ہیں، جن کے باعث اصل چہرہ کی آب و تاب مدہم اور بعض جگہ معدوم ہو گئی ہے، ضرورت ہے کہ

© rasailojaraid.com